© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرینِ آخرت

مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے رہنما بھائی صلاح الدین کے سسر جناب چودھری شبیر احمد ۲۹ دسمبر کو انتقال کر گئے۔ وہ مجلس احرارِ اسلام کے قدیم کارکنوں میں سے تھے۔ اور ڈیرہ کی سنی ایکشن کمیٹی کے رہنما تھے۔

رحیم یار خان سے ہمارے رفیق فکر محترم صوفی محمد سلیم صاحب کی والدہ ماجدہ ۲۹ دسمبر کو رحلت فرما گئیں۔

ملتان سے ہمارے کرم فرما محترم محمد فاروق صاحب (محب بلڈرز) کی والدہ ماجدہ ۲۸ دسمبر کو انتقال کر گئیں۔

قارئین ورفقاء کرام سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے (آمین)

اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں اور مسافرین آخرت کے لئے دعاءِ مغفرت کرتے ہیں۔ (ادارہ)

## جناب محمد مختار کی رحلت:

ماہنامہ الرشید لاہور کے مدیر اور ہمارے مشفق و مہربان جناب حافظ عبدالرشید ارشد صاحب کے چچا زاد جناب محمد مختار ۱۸ نومبر ۱۹۹۵ء کو انتقال فرماگئے۔ مرحوم نے علی گڑھ یونیورسٹی سے ایف ایس سی کرکے انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور سے بی ایس سی کیا۔ وہ گزشتہ چند سال سے علیل تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور محترم حافظ صاحب اور دیگر لواحقین کو صبر عطاء فرمائے (آمین)

## حاجی نثار احمد کا انتقال:

لاہور میں ہمارے کرم فرما محترم افتخار احمد صاحب کے والدِ ماجد حاجی نثار احمد ۲۹ نومبر کی شب انتقال کر گئے۔

---

(بقیہ ص ۵۷)

اجتہاد میں خطاء اجتہادی (یا خطاء عنادی) نظر آتی ہے..... کبھی صورتاً اور کبھی حقیقتاً!

کتاب علمی اور تحقیقی ہے۔ ابنِ امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ، نے نہایت اصولی مقدمہ لکھ کر اس کی اہمیت میں اضافہ کر دیا ہے۔ زبان شستہ ورفتہ ہے۔ ضخامت، اچھی خاصی ہے۔ قیمت مناسب ہے۔ کتابت گوارا ہے۔ ناشرین کے علاوہ یہ کتاب بخاری اکیڈمی، دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان اور معاویہ دارالاشاعت حاجی پورہ باغبان پورہ لاہور کے یہاں سے بھی مل سکتی ہے۔

© rasailojaraid.com